خلفاء شیخ المحدثین حضرت مولانا ظفر احمد عثمانی اور مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی محمد شفیعؒ سے تصوف اور سلوک میں خلافت اور اجازت کا شرف حاصل تھا۔ آپ کی زندگی دین کی تبلیغ اصلاح وفلاح تدریس وتعلیم اور تصنیف میں گزری۔ سینکڑوں تصانیف ومقالات آپ کے قلم سے منصۂ شہود پر آئے ہیں۔ زیر نظر کتاب جو حضرت مفتی صاحب کے شخصی مقالات وتاثرات کا نادر ونایاب مجموعہ اور اکابر ومشائخ کے حالات وواقعات کا حسین گلدستہ ہے۔ اسے حافظ قاری مولانا سید اکبر شاہ صاحب بخاری نے مرتب کیا ہے اس کتاب میں حضرت مفتی صاحبؒ کے وہ نادر ونایاب مضامین آئے ہیں جو مختلف رسائل اور مختلف تصانیف میں شائع ہوئے تھے البتہ اس میں بعض مضامین اور تاثرات وشذرات ایسے بھی ہیں جنہیں مرتب نے آپ کی تالیفات سے اخذ کر کے مرتب کیے ہیں۔ مرتب کتاب مولانا حافظ محمد اکبر شاہ صاحب کو حق تعالیٰ نے اکابر کے حالات وسوانح اور ان کے علوم ومعارف اور مواعظ ومقالات کو شائع کرنے کی جو سعادت بخشی ہے اللہ تعالیٰ انکی سعی کو مشکور فرمائیں صوری ومعنوی لحاظ سے کتاب اس قابل ہے کہ ہر لائبریری اور کتب خانے کی زینت بن جائے۔

نام کتاب: مفاتیح الابواب لمن ارادان یصل الی اساریر الکتاب شیخ الحدیث والتفسیر مولانا محمد یوسف صاحب
ضخامت ۲۴۰ صفحات قیمت: درج نہیں ناشر: مکتبہ عثمانیہ رحیم یار خان پنجاب پاکستان

آیۃ من آیات اللہ الامام الھمام شاہ ولی اللہ دہلوی رحمہ اللہ کی شخصیت علمی دنیا میں محتاج تعارف نہیں۔ سرزمین ہند اور برصغیر میں آپ کا وجود اللہ کی نشانیوں میں سے ایک نشانی تھا۔ دین وشریعت کے اسرار ورموز سے جس انداز میں آپ نے پردہ اُٹھایا اور اس کی نقاب کشائی کی۔ اس کی ساری دنیا میں اُس زمانہ سے لیکر آج تک مثال نہیں ملتی۔ آپ کی تمام تصنیفات ومضامین انتہائی اعلیٰ پایہ کی ہیں اور وہ بہت ہی ادق اور تحقیق طلب مسائل پر مشتمل ہیں جس سے استفادہ کرنا انتہائی مشکل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ برصغیر میں بہت کم بلکہ معدودے چند شخصیات ہیں۔ جو کہ حکمت وفلسفہ ولی اللٰہی کے راز دان اور امین ہیں۔...... زیر تبصرہ کتاب آپ کی شہرہ آفاق الہامی تصنیف حجۃ اللہ البالغہ کے ابواب منتخبہ کی تشریح ہے۔ جس میں باب توحید۔ باب حقیقۃ شرک باب اقسام شرک باب ما کان علیہ حال اھل الجاھلیہ باب سیاستہ المدن اور باب الخلافہ کی دلنشین انداز میں تشریح کی گئی ہے پیش لفظ میں مؤلف رقم طراز ہیں کہ ۱۴۱۹ء میں جب بندہ نے دورۂ تفسیر شروع کیا تو اہم مسائل تفسیریہ جن مین مسئلہ توحید مسئلہ نبوت مسئلہ سیاست وخلافت اور جہاد تفصیل طلب مسائل تھے۔ دوران تفسیر مترجم کے لئے تفصیلی بحث قلت وقت کی وجہ سے مشکل تھی۔ لہٰذا بطور مقدمہ کے ان مسائل کو پڑھا کر تفسیر شروع کی جائے تو مسائل سمجھنے میں آسانی بھی تھی تفسیر اور ترجمہ میں وقت بھی بچ سکتا تھا تو میں نے اپنی طرف سے کتاب لکھنے کی حجۃ البالغہ کے چند ابواب کا انتخاب کیا۔

اعلیٰ کاغذ دیدہ زیب کمپیوٹر کتابت نے کتاب کی قدر وقیمت میں ''خوبصورت'' اضافہ کیا ہے فلسفہ ولی اللٰہی سے شغف رکھنے والوں کیلئے یہ کتاب ایک علمی سوغات ہے۔